پریس ریلیز برائے اشاعت

اردو اکادمی، دہلی

سی۔ پی۔ او۔ بلڈنگ، کشمیری گیٹ، دہلی ۱۱۰۰۰۶

Phone: 23865436, 23863858, 23863566, 23863697 Fax:23863773

گاندھی نگر، دہلی میں ہولی ملن کے موقع پر بزمِ قوالی کا انعقاد

اردو اکادمی، دہلی کے تعاون سے منعقدہ پروگرام میں اسپیکر دلّی اسمبلی کے ساتھ اہم شخصیات کی شرکت

نئی دہلی۔16 مارچ۔

دہلی کے گاندھی نگر علاقے میں ویاپار منڈل کی جانب سے اردو اکادمی، دہلی کے تعاون سے ہولی ملن کے موقع پر بزم قوالی کا انعقاد کیا گیا جس میں مشہور قوال غلام صابر نظامی اور چنچل بھارتی نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ پروگرام کا آغاز اسپیکر دلّی اسمبلی رام نواس گوئل نے مختلف شخصیات کے ساتھ شمع روشن کر کے کیا۔ گاندھی نگر کے ایم ایل اے جناب انل باجپائی نے پروگرام میں تشریف لائے ہوئے مہمانان اور ایم ایل اے صاحبان کا استقبال کیا۔ انھوں نے کہا کہ اردو اکادمی، دہلی کے تعاون سے آج کا پروگرام اس بات کی دلیل ہے کہ اکادمی دہلی کے مختلف گوشوں میں اپنی تقریبات کا انعقاد کر کے فعالیت اور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ جناب رام نواس گوئل نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ صرف چھ مہینے کی قلیل مدت میں اردو اکادمی، دہلی کی نئی گورننگ کونسل نے اپنے وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجد دیوبندی کی قیادت میں جو کام کیے ہیں وہ قابلِ ستائش ہیں۔ انھوں نے اردو وراثت میلہ اور لال قلعے کے جشنِ جمہوریت کے مشاعرے کا خاص طور سے ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیاب ترین پروگرام اردو کی ترویج واشاعت میں اہم کردار ادا کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں جس کے لیے وہ دل کی گہرائیوں سے وائس چیئرمین ڈاکٹر ماجد دیوبندی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر ماجد دیوبندی نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اردو اکادمی پوری دہلی میں سمینار، مذاکرے، مشاعرے اور بزم قوالی جیسے مختلف پروگرام مسلسل منعقد کرا رہی ہے اور یہ سلسلہ آگے بھی جاری رہے گا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلی اروند کیجریوال، وزیر فن ثقافت والسنہ اور ان کے رفقا کا بے حد تعاون اردو اکادمی کو حاصل ہے جس سے اکادمی کو اردو کے تئیں تقریبات کرنے کا حوصلہ مل رہا ہے۔ جن اہم شخصیات نے پروگرام میں شرکت کی ان میں سیلم پور کے ایم ایل اے حاجی اشراق، کرشنا نگر کے ایم ایل کے ایس کے بگّا، لکشمی نگر کے ایم ایل اے نتن تیاگی، گھونڈا کے ایم ایل اے شری دھر شرما، اے ٹو زیڈ چینل کے ہیڈ راجیو نشانہ، ڈی سی پی مشرقی دہلی کے ڈپٹی کمشنر پولیس بھیروں سنگھ گوجرا اور اردو اکادمی کی گورننگ کونسل کے ممبر چودھری ارشاد کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ دن میں منعقدہ اس بزمِ قوالی میں گاندھی نگر کے سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی اور بھرپور لطف لیا۔ پروگرام کی کامیابی میں ایم ایل اے انل باجپائی کے علاوہ ایچ یو حسن راجو، ویریندر جین، اشفاق احمد، ہری یوم بنسل، امت اگروال، قادر ملک اور نزاکت علی پیش پیش رہے۔

محمد ہارون

اسسٹنٹ پبلی کیشن آفیسر

تصویر میں اسپیکر دہلی ودھان سبھا رام نواس گوئل، ڈاکٹر ماجد دیوبندی، ایم ایل اے صاحبان اور ڈی سی پی مشرقی دہلی۔